© rasailojaraid.com

بصیرت طبقے نے اس کی تباہ کاریوں کا اچھی طرح اندازہ کرتے ہوئے اس کے سدّباب کی کوشش شروع کی ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب بھی اس سلسلہ کی ایک مفید کڑی ہے۔ کتاب کے فاضل مصنف ایک دیدہ ور عالمِ دین ہیں، جن کی دُور بین نگاہوں نے آج سے تیس سال پیشتر اس خطرے کو اچھی طرح بھانپ کر اس کے خلاف مہم شروع کی اور اس حقیقت کو واضح کیا کہ اسلام کا اس مزدکی تحریک سے کوئی دور کا بھی تعلق نہیں اور اسلام کا سرمایہ داری اور اشتراکیت دونوں سے الگ ایسا جامع نظامِ فکر و عمل ہے جو خالقِ کائنات نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے دیا ہے۔

معیارِ طباعت و کتابت گوارا ہے۔ اس کتاب کی کوئی قیمت نہیں۔ صرف انیس پیسے کے ٹکٹ بھیج کر مندرجہ بالا پتہ سے منگوائی جا سکتی ہے۔

---

**مدرّس عربی حصّہ اوّل و دوم** | تالیف: جناب میاں منظور احمد صاحب۔ شائع کردہ علمی کتاب خانہ اردو بازار لاہور۔ قیمت حصّہ اول دو روپے پچیس پیسے۔ صفحات ۱۸۵۔ حصّہ دوم چھ روپے۔ صفحات ۴۶۴۔

گذشتہ تیس چالیس سال میں عربی زبان کو آسان اور سہل انداز سے ذہن نشین کرانے کی جو متعدد کوششیں ہوئی ہیں ان میں یہ ایک کامیاب کوشش ہے۔ پہلے حصّے میں فاضل مصنّف نے بڑے اختصار کے ساتھ صرف و نحو کے ابتدائی قواعد بیان کیے ہیں۔ پھر ہر باب کے آخر میں مشق بھی دی ہے۔ تاکہ طلبہ ان قواعد سے اچھی طرح مناسبت پیدا کر سکیں۔ کتاب کے دوسرے حصّے میں عربی گرامر کے علاوہ، عربی انشا پردازی کے اصول بھی بیان کیے گئے ہیں۔ یہ حصّہ ایم اے اور مولوی فاضل کے طلبا کے لیے خاص طور پر بڑا مفید ہے۔

معیارِ کتابت و طباعت گوارا ہے۔

---

# تفسیر سورۃ الحُجرات

## علیحدہ کتابی شکل میں چھپ کر منظرِ عام پر آ چکی ہے

ضرورت مند اصحاب مکتبۂ ترجمان القرآن، اچھرہ۔ لاہور سے طلب فرما سکتے ہیں

ہدیہ ۲۵-۱ روپیہ


© rasailojaraid.com